# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

**Text of Urdu news Bulletin**
**Date : 25 August 2026**
**Time : 07:40 PM**

**Opening**

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے۔خبروں کا بلیٹن لیکر میں شبیر الزمان پہلے اہم خبروں کی سرخیاں۔

**ہیڈلائنز**

✓ ۱ ۔۔۔۔ دراندازی کے خلاف سخت ترین اقدامات کرنے کیلئے تمام ایجنسیوں کو وزیر داخلہ کی ہدایت۔

✓ ۲ ۔۔۔۔ بدلتے وقت کے تقاضوں کے مطابق تعلیم کے ساتھ ساتھ طالب علموں کو ہُنر مندی سے بہرور کرنے کی اساتذہ سے وزیر اعلیٰ کی تلقین۔

✓ ۳ ۔۔۔۔ جموں وکشمیر میں قدرتی آفات کے اثرات سے نمٹنے کیلئے تقریباً **665** کروڑ روپے کے منصوبوں کو منظوری۔

اور

✓ ۴ ۔۔۔۔ عید میلاد کے سلسلے میں وادی بھر میں شب بیداری کی مجالس کا اہتمام۔

امت شاہ

وزیر داخلہ امت شاہ نے تمام ایجنسیوں کو ہدایات دیں ہے کہ وہ دراندازی کے خلاف سخت اقدامات کریں۔نئی دلی میں **9** ویں نیشنل سیکورٹی سٹریٹجیز کانفرنس **2026** سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے دہشت پسندی اور انتہا پسندی کا مؤثر طریقے پر مقابلہ کرنے کیلئے وزارت داخلہ کی پر یہار نامی اسکیم کی مؤثر عمل آوری کیلئے تربیت دینے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔کانفرنس کے دوران قومی سلامتی سے متعلق اہم معاملات پر سیر حاصل تبادلہ خیال کیا گیا۔

Cm

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے اساتذہ سے تلقین کی ہے کہ وہ وقت کے تقاضوں کے مطابق اور تیزی سے بدلتے حالات کے

تناظر میں طالبِ علموں کو تعلیم یافتہ اور ہنر مند بنائیں۔ SKICC سرینگر میں آج جموں و کشمیر ٹیچرس فورم کے اہتمام سے منعقدہ ایک روزہ ایجوکیشن کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اساتذہ کے اختراعی اقدامات سے جموں و کشمیر کی بامعنی ترقی کو یقینی بنایا جاسکتا ہے۔ انہوں نے اساتذہ کو درپیش مسائل اور انہیں بااختیار بنانے کے سرکار کے عزم کا اعادہ کیا۔

---Byte CM----

کانفرنس میں ماہرین تعلیم، محققین اور منصوبہ سازوں نے شرکت کر کے تعلیمی سیکٹر سے متعلق مختلف معاملات پر تبادلہ خیال کیا۔ اس موقعے پر دیگر شخصیات کے علاوہ وزیر تعلیم سکینہ ایتو اور وزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی بھی موجود تھے۔

وزیر اعلیٰ

اسی دوران وزیر اعلیٰ نے وسن ٹنگمرگ میں ایک میوہ اور سبزی منڈی کا سنگ بنیاد رکھا۔ انہوں نے وہاں زرعی اور باغبانی کے شعبے میں مرکزی سرکار کی سکیموں اور اختراعی اقدامات کی عکاسی کرنے والے کسان میلے میں بھی شرکت کی۔

اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے عمر عبداللہ نے کہا کہ زراعت اور باغبانی کا شعبہ جموں کشمیر کی معیشت میں ریڈ کی ہڈی کی اہمیت رکھتا ہے۔

اس موقعہ پر زراعت کے وزیر جاوید احمد ڈار اور ایم ایل اے گلمرگ فاروق احمد شاہ اور دیگر سینئر عہدیداران بھی موجود تھے۔

C.S

سرینگر میں آج چیف سیکرٹری اٹل ڈلو کی صدارت میں ڈیزاسٹر منیجمنٹ، امداد، باز آبادکاری اور تعمیر نو محکمے کی سٹیٹ ایگزیکیٹو کمیٹی کی ایک میٹنگ منعقد ہوئی۔ میٹنگ کے دوران جموں و کشمیر میں قدرتی آفات کے اثرات سے نمٹنے کیلئے 6 ارب 64 کروڑ 54 لاکھ روپے کے منصوبوں کو منظوری دی گئی۔

لینڈ ریکارڈس

جموں و کشمیر میں اراضی کے ریکارڈ کے علاوہ مال اور زراعت محکموں کی خدمات کو مزید شفاف اور عوام دوست بنانے کیلئے سرکار نے لینڈ ریکارڈس کی ڈیجیٹائزیشن کے عمل میں سرعت لائی ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ مرکزی سرکار کے ایگری سٹیک فریم ورک کے ساتھ لینڈ ڈاٹابیس کی تصدیق بھی کی جارہی ہے۔

سپیکر

جموں وکشمیر قانون ساز اسمبلی کے سپیکر عبدالرحیم راتھر نے کہا ہے کہ بڈگام ضلعے کے ناگام میں واقع ہائر سکینڈری اسکول میں ایک آڈیٹوریم تعمیر کیا جائے گا۔اس بات کا اعلان انہوں نے اسکول میں منعقدہ ایک ادبی پروگرام سے خطاب کے دوران کیا۔آڈیٹوریم کی تعمیر پر 30 لاکھ روپے لاگت آنے کا اندازہ ہے۔

اطلاعات کانفرنس

اطلاعت ونشریا کی وزارت نے نئی دلی کے وگیان بھون میں ریاستوں اور یونین ٹیریٹریز اور اطلاعات وتعلقات عامہ کے سیکریٹریوں کے ساتھ ایک قومی کانفرنس منعقد کی جس میں جموں کشمیر کے محکمہ انفارمیشن کے سپیشل سیکریٹری پون سنگھ راٹھور نے بھی شرکت کی۔

کانفرنس میں جموں کشمیر کے محکمہ اطلاعات کی شرکت سے اطلاعات ونشریات کی مرکزی وزارت کے ساتھ ادارہ جاتی ہم آہنگی مزید مضبوط ہونے کی توقع ہے جس کی بدولت جموں کشمیر کی مالا مال ثقافتی میراث، تخلیقی صلاحیتوں اور میڈیا کیلئے ابھرتے ماحول کا ایک وسیع پلیٹ فراہم ہوگا۔

کرائم برانچ

کرائم برانچ جموں وکشمیر کی اقتصادی جرائم سے متعلق ونگ نے دھوکہ دہی کے ایک معاملے میں نیو کالونی حضرتبل اننت ناگ کے آفاق احمد ٹھگ نامی شخص کے خلاف سب جج سرینگر کی عدالت میں چارج شیٹ داخل کی ہے۔مذکورہ ملزم نے کینسر میں مبتلا ایک خاتون کو سستے دام پر ادویات فراہم کرنے کا وعدہ کیا تھا، جس کے عوض ملزم نے مذکورہ خاتون سے لاکھوں روپے حاصل کئے تاہم ادویات فراہم نہیں کیں۔

وقفہ

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سن رہے ہیں۔خبریں اور آکاشوانی کے دیگر پروگرام آپ صرف آکاشوانی کے موبائیل اپیلی کیشن News on AIR، WAVES او ٹی ٹی پلیٹ فارم اور پرسار بھارتی کی ویب سائٹ www.prasarbharti.gov.in کے علاوہ DTH پر بھی سماعت کر سکتے ہیں۔اس کے علاوہ کوئی بھی دوسری ایپ یا ویب سائٹ پرسار بھارتی سے وابستہ یا منظور شدہ نہیں ہے۔

GONG

عیدمیلاد

عیدمیلاد النبی ﷺ کی تقریب سعید کل انتہائی عقیدت واحترام کے ساتھ منائی جارہی ہے۔اس سلسلے میں سب سے بڑی تقریب آثارشریف درگاہ حضرتبل میں منعقد ہورہی ہے۔عیدمیلاد کے سلسلے میں آج وادی کی بیشتر مساجد، خانقاہوں اور بقعہ جات میں شب بیداری کی روح پرور مجالس کا انعقاد ہورہا ہے۔شب بیداری کا سب سے بڑا اجتماع آثارشریف درگاہ حضرتبل میں ہوگا جہاں وادی کے اطراف واکناف سے آئے عقیدت مندرات بھرختمات المعظمات،نعت ومناجات اور درود واذکار کا ورد کرتے رہیں گے۔آثارشریف حضرت بل اور دیگر بقعہ جات میں کل نماز پنجگانہ کے بعد موئے مقدس آنحضورﷺ اور دیگر تبرکات کی زیارت کرائی جائے گی۔انتظامیہ نے زائرین کی سہولیت کے لئے تمام انتظامات مکمل کئے ہیں۔

درخشان اندرابی

جموں وکشمیر وقف بورڈ کی چیئر پرسن ڈاکٹر سید درخشان اندرابی نے آج آثارشریف درگاہ حضرتبل اور جناب صاحب صورہ پر حاضری دے کر وہاں عیدمیلاد النبی ﷺ کیلئے کئے گئے انتظامات کا جائزہ لیا۔درگاہ حضرتبل میں نامہ نگاروں کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا۔

----**Darakhshan Byte**-----

انہوں نے دونوں زیارتگاہوں پر جاری تعمیراتی کاموں کی پیش رفت کے بارے میں بھی تفصیلات حاصل کیں۔وقف بورڈ کے انجینئروں اور منتظمین کی ایک ٹیم بھی ان کے ہمراہ تھی۔

میلادمبارک

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا اور وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے عیدمیلاد النبی ﷺ کے پُرنور موقعے پر جموں وکشمیر کے لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔

اپنے الگ الگ بیانات میں انہوں نے کہا ہے کہ آنحضورﷺ کی تعلیمات پر عمل پیرا ہوکر امن، بھائی چارے اور رواداری کے اقدار کو حقیقی معنوں میں آگے بڑھایا جاسکتا ہے۔نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری ،کابینہ وزیر سکینہ ایتو نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ، پارٹی کے دیگر لیڈروں،جمیعت ہمدانیہ کے سربراہ میر واعظ مولوی ریاض احمد ہمدانی، حقانی میموریل ٹرسٹ کے سرپرست سید حمیداللہ حقانی نے بھی لوگوں کو عیدمیلاد کی مبارکباد دی ہے۔

DDP میٹنگ

ڈائریکٹر جنرل پولیس نلین پربھات نے آج ایک اعلیٰ سطح کی میٹنگ کے دوران جموں کشمیر میں عیدمیلاد النبی ﷺ

اور اس کے بعد آنے والے جمعہ کی تقریبات کے لئے کئے گئے سیکورٹی انتظامات کا جائزلیا۔انہوں نے مختلف زیارتگاہوں، خاص کر آثارشریف حضرتبل میں نگرانی کے نظام کو مستحکم کرنے کی ہدایت دی۔

بی جے پی

پلوامہ ضلعے میں راجپورہ اسمبلی حلقے کے کنگن علاقے میں آج بی جے پی جموں وکشمیر کے جنرل سیکٹری آرگنائزیشن اشوک کول کی صدارت میں پارٹی ورکروں کی ایک میٹنگ منعقد ہوئی۔میٹنگ کے دوران تنظیمی امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔

اننت ناگ

اننت ناگ ضلعے کے ساگم علاقے میں آج محکمہ زراعت کے اہتمام سے منعقدہ ایک تقریب کے دوران درج فہرست قبیلے سے تعلق رکھنے والے دسویں جماعت کے 30 طالب علموں میں وظیفے تقسیم کئے گئے۔ہمارے نمائندے تصدق رشید نے خبر دی ہے کہ ایک پرائیویٹ کمپنی کے اشتراک سے مذکورہ طالب علموں کو وظیفے کے طور تین ہزار روپے فی کس کی رقم دی گئی تا کہ وہ اپنی تعلیم کو بلا کسی رکاوٹ کے جاری رکھ سکیں۔تقریب کے دوران کئی ترقی پسند کسانوں کو توصیفی اسناد سے نوازا گیا۔

خراج

وادی کی کئی ادبی اور سماجی تنظیموں نے نامور شاعر اور ماہر تعلیم نعیم کشمیری کے انتقال پر دکھ اور صدمے کا اظہار کیا ہے۔ساگر کلچرل فورم نے مرحوم کی ادبی خدمات کو یاد کرتے ہوئے انہیں شاندار الفاظ میں خراج پیش کیا ہے۔دریں اثناء وادی کے معروف ادیب نشاط انصاری کی 26ویں برسی کے موقعے پر آج سوپور میں ایک ادبی تقریب منعقد ہوئی جس دوران مرحوم کی ادبی خدمات کو یاد کیا گیا۔

راجناتھ سنگھ

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے DRDO کی جانب سے تیار کی گئی روائتی میزائیل نظام کی تمام ٹیکنالوجیز کو انڈین ڈیفینس انڈسٹری کو منتقل کرنے کو منظوری دی ہے۔آکاشوانی کے نمائندے نے خبر دی ہے کہ اس قدم کا مقصد آپریشنل صلاحیت کو بڑھاوا دینا اور درآمدات میں کمی لانا ہے۔اس فیصلے کی رو سے ملک کے اندر ہی میزائیل تیار کئے جائیں

گے ۔دریں اثناء دفائی پیدوار محکمے کے سکریٹری سنجیو کمار نے کہا ہے کہ سال 2025-26 کے دوران ملک میں دفاعی سازوسامان کی پیداوار ایک لاکھ 78 ہزار کروڑ روپے تک پہنچ گئی ہے۔

جیتندر سنگھ

سائنس اور ٹیکنالوجی کے وزیر ڈاکٹر جتندر سنگھ نے روائتی تعلیم کو جدید سائنس اور میڈیسن کے ساتھ مربوط کرنے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ یہ بات انہوں نے آج نئی دلی میں CSIR ٹریڈیشنل نالج ڈیجیٹل لائبریری کے دورے کے دوران کہی۔ انہون نے امید ظاہر کی کہ مذکورہ لائبریری بھارت کی بیش قیمت تعلیمی روایات کو مزید بڑھاوا دینے میں اہم رول ادا کرے گی۔

رجو

پارلیمانی امور کے وزیر کرن رجو نے حزب اختلاف کی جماعتوں کی پارلیمنٹ کی کارروائی میں بار بار رخنہ ڈالنے کیلئے نکتہ چینی کی ہے۔ ایک انگریزی روزنامہ میں تحریر کردہ اپنے ایک مضمون میں وزیر موصوف نے کہا ہے کہ جہاں آئین اپوزیشن کو سوال کرنے، احتجاج کرنے اور ووٹ کرنے کا حق دیتا ہے وہیں وہ انہیں نہ تو پارلیمنٹ کی کارروائی میں رخنہ ڈالنے اور نہ ہی اُس وقت پارلیمنٹ کو بند کرنے کا ریموٹ دیتا ہے جب ان کی سیاسی مانگیں قبول نہ کی جا رہی ہوں۔ وزیر موصوف نے کہا کہ پارلیمنٹ ملک کے باشندوں کا ہے، نہ کہ سیاسی جماعتوں کا۔

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے 24 گھنٹوں کے دوران کہیں کہیں پر ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارش کا امکان ہے ۔سرینگر میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 32 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 17 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔ جموں میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 35.3 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 25.9 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔ سرینگر میں کل طلوع آفتاب صبح 6 بجے اور غروب آفتاب شام 7 بجکر 05 منٹ پر ہوگا۔

Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔

ایک وقفے کے بعد آپ سنئے تبصرہ۔ ہمیں دیجئے اجازت۔

خدا حافظ۔